OXFORD AQA
INTERNATIONAL QUALIFICATIONS

The international exam board *that puts fairness first*

# OxfordAQA International GCSE

## GCSE Urdu (9264)

## Example responses – Paper 2 (Additional specimen)

For teaching from September 2026 onwards
For International GCSE exams in May/June 2028 onwards

OxfordAQA is a partnership between AQA, the UK's largest awarding body, and Oxford University Press, a department of the University of Oxford. We offer globally relevant international GCSEs, AS and A-levels to schools across Europe, Africa and Asia.

# Contents

The below content table is interactive. You can press the control button click on the title of the question to go directly to that page.

Introduction 3

Example responses 4

Question 2 4

Question 3 7

Question 4 10

Question 5 16



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

# Introduction

This guide includes examples of responses to questions from Paper 2 of the Additional Specimen Assessment Materials for International GCSE Urdu (9264).

These questions are presented with responses and commentary from a senior examiner.

# Assessment Objectives

The exams will measure how students have achieved the following assessment objectives.

- AO1: Understand and respond to written language.
- AO2: Articulate ideas, opinions and information for a range of purposes and audiences.
- AO3: Show knowledge and understanding of, and respond critically to, different aspects of the culture and society of countries where Urdu is spoken.



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

# Example responses

## Question 2

Question 2 tests students' ability to write a dialogue about the excessive use of a mobile phone between parents and a child.

This question covers AO3. It tests their ability to give opinion and information for a range of purposes and audiences by using different vocabulary and grammar.

0 2

والدین اپنے بچے/بچی کے ساتھ موبائل فون کے زیادہ استعمال کے بارے میں گفتگو کر رہے ہیں۔
ان کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمے کی شکل میں لکھیں۔
مکالمہ ٦٠ سے ٧٠ الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

**[10 marks]**

## Mark scheme

**Question 2 AO3**

For this question, students are required to write a dialogue or a speech. The response will be assessed for Content (6 marks) and Quality of language (4 marks), as specified in the criteria below. The student is expected to produce approximately 60-70 words over the whole question. The number of words is approximate and you must mark all work produced by the student.

**[10 marks]**

**Content**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **3** | 5-6 | An excellent response covering all aspects of the task. Communication is very clear and a lot of information is conveyed. Opinions are expressed with accuracy. |
| **2** | 3-4 | A good response covering most aspects of the task. Communication is clear and some information is conveyed. Opinions are expressed. |
| **1** | 1-2 | A limited response covering some aspects of the task. Communication is mostly clear but perhaps with occasional lapses. Little information is conveyed. Opinions are not expressed. |
| | 0 | The content does not meet the standard required for Level 1. |

**Quality of language**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **2** | 3-4 | Good use of appropriate vocabulary and structures. Errors are mainly minor, overall language is accurate and meaningful. The style and register are appropriate |



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

| | | |
|---|---|---|
| **1** | 1-2 | Reasonable use of appropriate vocabulary and structures. There may be some major errors, and more frequent minor errors, but overall the response is ambiguous. The style and register may not always be appropriate. |
| | 0 | The content does not meet the standard required for Level 1. |

**Notes**
A mark of zero for Content automatically results in a mark of zero for Quality of language, but apart from that, the Content mark does not limit the mark for Quality of language.

**Indicative Response:** The following indicative content is an example of the response that students may give to this question.

موبائل فون کا استعمال/ اس کے زیادہ استعمال کےصحت اور تعلیم پر اثرات
والدین: تم ہر وقت موبائل فون پر ہوتی/ہوتے ہو۔ امتحانات قریب ہیں۔
بچہ/نچی: مجھے ویڈیو دیکھ کر امتحان کی تیاری کرنا پسند ہے۔
والدین: وہ کیسے؟
نچہ/بچی : میں اس کے علاوہ ویب سائیٹ پر بہت سے امتحانی سوالات حل کرتا/کرتی ہوں۔
والدین: میری رائے میں زیادہ دیر تک موبائل فون کا استعمال تمہاری آنکھوں کے لیے برا ہے۔
بچہ/بچی: میں موبائل فون کی بجائےامتحان کی تیاری کتابوں سے کروں گا/گی۔
والدین : اچھا ٹھیک ہے۔

## Response A

والد:آج کل تم موبائل فون کا بہت زیادہ استعمال کرنے لگے ہو، یہ تمہاری صحت اور پڑھائی کے لیے نقصان دہ ہے۔
بیٹا:ابو، میں مانتا ہوں کہ کبھی کبھی وقت زیادہ ہو جاتا ہے، مگر میں اسے معلومات حاصل کرنے کے لیے بھی استعمال کرتا ہوں۔

والدہ:ہمیں تم پر اعتماد ہے، لیکن اعتدال بہت ضروری ہے۔

بیٹا:آپ بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں، میں اب موبائل کا استعمال محدود کر دوں گا

# Commentary

### Content

This is an excellent response where the candidate has communicated clearly about the dialogue, and a lot of information is conveyed. Opinions are expressed accurately. There are no lapses in the communication. For content, 6 marks are awarded.

### Quality of language

This piece of work shows excellent understanding of appropriate and variety of vocabulary. Grammatical structures are also appropriate and are highly accurate. There is clear evidence of use of different tenses. For quality of language, 4 marks awarded.

This response is awarded **10 marks** out of a possible 10 marks.


Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

## Response B

والد:بیٹا، ہم دیکھ رہے ہیں کہ تم ضرورت سے زیادہ موبائل استعمال کر رہے ہو اور تم اسکول کا کام نہیں کرتے۔
بچہ: ابو، میں صرف تھوڑا گیم کھلتاہوں یا ویڈیوز دیکھتا ہوں۔ میرے دوست بھی کھیلتے ہیں۔
والدہ:بیٹا، ہم تمھیں قطعی طور پر منع نہیں کر رہے لیکن اسکول کاکام کرنا چاہیے۔
بچہ : میں تھوڑا استعمال کرتا ہوں ۔صرف کھلتا ہوں۔

# Commentary

**Content**

This is an excellent response where the candidate has communicated clearly about the dialogue, and a lot of information is conveyed. Opinion is expressed accurately. There are no lapses in the communication. For content, 4 marks are awarded because there is only one opinion expressed.

**Quality of language**

This piece of work shows excellent understanding of appropriate and variety of vocabulary. Grammatical structures are also appropriate and are mostly accurate. Errors are minor. There is clear evidence of use of different tenses. For quality of language, 4 marks awarded.

This response is awarded **8 marks** out of a possible 10 marks.



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

# Questions 3

Question 3 tests students' ability to articulate ideas, opinions and information for a range of purposes and audiences. It tests their ability to use appropriate vocabulary and grammar to write a letter or an email.

| 0 | 3 |

اپنے اسکول کے ہیڈماسٹر صاحب کے نام۹۰سے ۱۰۰الفاظ پر مشتمل ایک ای میل یا خط لکھ کر انہیں اسکول میں غیر نصابی سرگرمیوں کی سہولتوں کے بارے میں بتائیں اور ان سہولتوں کو بہتر کرنے کی تجاویز بھی دیں۔

**[15 marks]**

## Mark scheme

**Question 3 AO3**

For this question, students are required to write a letter or an email. The response will be assessed for Content (9 marks) and Quality of language (6 marks), as specified in the criteria below. The student is expected to produce approximately 90-100 words over the whole question. The number of words is approximate and you must mark all work produced by the student.

**[15 marks]**

**Content**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **3** | 7-9 | An excellent response which is almost always relevant and which conveys a lot of information. Communication is mostly clear with few ambiguities. Opinions are expressed and justified. |
| **2** | 4-6 | A good response which is generally relevant with some information conveyed. Communication is usually clear but there are some ambiguities. Opinions are expressed and may be justified. |
| **1** | 1-3 | A basic response which is of limited relevance with little information conveyed. Communication is sometimes clear but there may be instances where messages break down. An opinion may be expressed. |
| | 0 | The content does not meet the standard required for Level 1. |

**Quality of language**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **3** | 5-6 | A variety of appropriate vocabulary is used. Complex structures and sentences are attempted. There are references to at least two frames, which are largely successful. Errors are mainly minor. Some more serious errors may occur, particularly in complex |



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

| | | |
|---|---|---|
| | | structures and sentences, but the intended meaning is nearly always clear. The style and register are appropriate. |
| **2** | 3-4 | Some variety of appropriate vocabulary is used. There may be some attempt at complex structures and sentences. There are references to at least two different time frames, although these may not always be successful. There may be some major errors, and more frequent minor errors, but overall the response is more accurate than inaccurate and the intended meaning is usually clear. The style and register may not always be appropriate |
| **1** | 1-2 | The range of vocabulary may be narrow, repetitive and/or inappropriate to the needs of the task. Sentences are mainly short and simple or may not be properly constructed. There may be frequent major and minor errors. Little or no awareness of style and register. |
| **0** | 0 | The language produced does not meet the standard required for Level 1. |

**Notes**
A mark of zero for Content automatically results in a mark of zero for Quality of language, but apart from that, the Content mark does not limit the mark for Quality of language.

**INDICATIVE RESPONSE:** The following indicative content is an example of the response that students may give to this question. It demonstrates a balanced coverage of the key points.

طالب علموں کے لیے دستیاب غیر نصابی سرگرمیاں اور ان کو بہتر کرنے کے لیے تجاویز
محترم ہیڈ ماسٹرصاحب
میں آپ کے غیر نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے جذبے کو قابل تحسین سمجھتا ہوں ۔ ہمارے اسکول میں دوکھیلنے کے میدان اور ایک اسپورٹس ہال ہے ہم طلبا ان تمام سہولتوں سے بہترین فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ جناب۔ اگر ہمارے اسکول میں ایک تیرنے کا تالاب بنایا جائے تو یہ بچوں کے لیے زبردست ہوگا اس کے علاوہ اگر اتھلیٹکس کی تربیت کا بندوبست کیا جائے تو سونے پر سہاگہ کے مترادف ہوگا۔ امید ہے کہ آپ ہماری ان تجاویز پر غور فرمائیں گے۔
طلبا جماعت دہم

## Response A

محترم ہیڈماسٹر صاحب،
السلام علیکم!
مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں آپ کی توجہ اسکول میں غیر نصابی سرگرمیوں کی سہولتوں کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ ہمارے اسکول میں کھیلوں اور تقریری مقابلوں کا اہتمام تو کیا جاتا ہے، مگر سہولتیں ناکافی ہیں۔ اگر کھیلوں کا سامان جدید بنایا جائے اور باقاعدہ غیر نصابی کلب قائم کیے جائیں تو طلبہ کی جسمانی اور ذہنی نشوونما بہتر ہو سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ثقافتی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیا جانا چاہیے۔ امید ہے آپ اس تجویز پر غور فرمائیں گے۔
آپ کا مخلص
ایک طالب علم


Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

# Commentary

**Content**

An excellent response where a lot of information is conveyed, which is almost always relevant. Communication is always clear with no lapses, and all aspects of the task are covered.  Opinions are expressed and justified. This places the work at level 3 and the top mark 9 is awarded.

**Quality of language**

There is good variety of language and good attempt at complex structures. There are references to two-time frames, which are always successful and accurate. The style and register are appropriate. This places the work at level 3 and a mark of 6 is awarded.

This response is awarded **15** marks out of a possible 15 marks.

# Response B

محترم ہیڈماسٹر صاحب،
السلام علیکم!
میں آپ کی توجہ اسکول کی غیر نصابی سرگرمیوں کی موجودہ سہولتوں کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ اگرچہ ہمارے اسکول میں چند سرگرمیاں موجود ہیں، جیسے کہ کھیلنے کے میدان ،اسپورٹس ہال ، بیڈ میٹن کلب وغیرہ ،لیکن کھیلوں کے میدان، ڈرامہ کلب، مباحثہ سوسائٹی اور سائنس کلب کے لیے مناسب سامان اور تربیت کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ میری تجویز ہے کہ اسکول باقاعدہ تربیتی اساتذہ مقرر کرے، مزید آلات فراہم کرے اور ماہانہ مقابلوں کا انعقاد کرے تاکہ طلبہ کی صلاحیتیں بہتر ہو ں۔
شکریہ!
آپ کا مخلص

# Commentary

**Content**

An excellent response where a lot of information is conveyed, which is almost always relevant. Communication is always clear with no lapses, and all aspects of the task is covered. Opinions are expressed and justified. This places the work at level 3 and the middle mark 8 is awarded.

**Quality of language**

There is good variety of language and also good attempt at complex structures. There are references to one-time frame, which are always successful and highly accurate. The style and register are appropriate. This places the work at level 1 and a mark of 2 is awarded because only one time frame is used.

This response is awarded **10** marks out of a possible 15 marks.



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

# Questions 4

Question 4 tests students' ability to express and justify their opinions by using a range of vocabulary and grammar structures. This question requires students to produce an extended response that presents facts and expresses detailed opinions.

Answer **either** Question 4.1 **or** Question 4.2.

You must **not** answer **both** of these questions.

درج ذیل کسی ایک عنوان پر ۱۰۰سے ۱۲۰ الفاظ کا مضمون تحریر کیجئے۔

**Either**

**0 4 . 1**

**صاف ماحول کی اہمیت**

اپنے مضمون میں یہ باتیں شامل کریں ۔

۱۔ ہماری زندگی میں صاف ماحول کی اہمیت
۲۔ ماحول کوآلودہ کرنے والی چیزیں
۳۔ پچھلے سال ماحول کو بہتر بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات
۴۔ ہمیں ماحول کو صاف رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

اپنے جواب میں آپ ماضی، حال اور مستقبل میں سے کم از کم دو افعال کا استعمال ضرور کریں۔

**[15 marks]**

**Or**

**0 4 . 2**

**غربت اور ہماری ذمہ داری**

اپنےمضمون یہ باتیں شامل کریں۔

۱۔ غربت کی وجوہات
۲۔ غربت میں کمی کےلیے تجاویز
۳۔ فلاحی اداروں کی اہمیت
۴۔ کسی مثالی فلاحی ادارے کی بہترین کارکردگی کی مثال

اپنے جواب میں آپ ماضی، حال اور مستقبل میں سے کم از کم دو افعال کا استعمال ضرور کریں۔

**[15 marks]**



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

# Mark scheme

**Question 4 AO3**

For this question students are required to produce extended response that presents facts and expresses ideas and opinions. There are four compulsory bullet points, which are assessed for Content (9 marks) and Quality of language (6 marks), as specified in the criteria below. The student is expected to produce approximately 100-120 words over the whole question. The number of words is approximate and you must mark all work produced by the student.

**[15 marks]**

**Content**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **3** | 7-9 | An excellent response which is almost always relevant and which conveys a lot of information. Communication is mostly clear with few ambiguities. Opinions are expressed and justified. |
| **2** | 4-6 | A good response which is generally relevant with some information conveyed. Communication is usually clear but there are some ambiguities. Opinions are expressed and may be justified. |
| **1** | 1-3 | A basic response which is of limited relevance with little information conveyed. Communication is sometimes clear but there may be instances where messages break down. An opinion may be expressed. |
| | 0 | The content does not meet the standard required for Level 1. |

**Quality of language**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **3** | 5-6 | A variety of appropriate vocabulary is used. Complex structures and sentences are attempted. There are references to at least two time frames, which are largely successful. Errors are mainly minor. Some more serious errors may occur, particularly in complex structures and sentences, but the intended meaning is nearly always clear. The style and register are appropriate. |
| **2** | 3-4 | Some variety of appropriate vocabulary is used. There may be some attempt at complex structures and sentences. There are references to at least two different time frames, although these may not always be successful. There may be some major errors, and more frequent minor errors, but overall the response is more accurate than inaccurate and the intended meaning is usually clear. The style and register may not always be appropriate |
| **1** | 1-2 | The range of vocabulary may be narrow, repetitive and/or inappropriate to the needs of the task. Sentences are mainly short and simple or may not be properly constructed. There may be frequent major and minor errors. Little or no awareness of style and register. |



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

| | | | |
|---|---|---|---|
| | **0** | 0 | The language produced does not meet the standard required for Level 1. |

**Notes**
A mark of zero for Content automatically results in a mark of zero for Quality of language, but apart from that, the Content mark does not limit the mark for Quality of language.

**Indicative Response:** The following indicative content is an example of the response that students may give to this question. It demonstrates a balanced coverage of the compulsory bullet points.

| Question | Indicative content |
|---|---|
| 04.1 | ہماری زندگی میں صاف ماحول کی اہمیت ، ماحول کوآلودہ کرنے والی چیزیں، پچھلے سال ماحول کو بہتر بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات، ہمیں ماحول کو صاف رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے<br><br>ماحول کو صاف ستھرا رکھ کر ہی ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ایک محفوظ اور مضبوط مستقبل دے سکتے ہیں۔ فیکٹریوں گاڑیوں اور ہوائی جہازوں سے نکلنے والا دھواں، وسائل کا بے دریغ استعمال، پانی کو ضائع کرنا، اورچیزوں کو دوبارہ استعمال نہ کرنا آلودگی پھیلانےکے علاوہ ماحول پر برے اثرات مرتب کر رہا ہے۔<br><br>میں نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر بہت سے درخت لگائے اوراسکول کے بچوں کو ماحول کے بارے میں معلومات دیں۔ ہم پانی کا کم استعمال کر نے کے علاوہ موثر آب پاشی کےنظام کے استعمال سے پانی کو ضائع ہونے سے بچا سکتے ہیں۔ کاغذ کو دوبارہ استعمال کرنے کے علاوہ گاڑیوں کا کم سے کم استعمال کرکے ماحول کو صاف رکھ سکتے ہیں۔ |
| 04.2 | دنیا میں غربت کی وجوہات۔ غربت میں کمی کے لیے تجاویز، فلاحی اداروں کی اہمیت اور کسی مثالی فلاحی ادارے کی مثال<br><br>دنیا میں غربت کی وجوہات میں بڑھتی ہوئی آبادی، تعلیم کی کمی، ملازمتوں کی کمی، موسمیاتی تبدیلی، جنگیں، کرپشن، سماجی ناانصافی، انفراسٹرکچر کی کمی وغیرہ شامل ہیں۔<br>میرے خیال میں دنیا میں جس رفتار سے آبادی بڑھ رہی ہے اور اس کا مقابلہ کرنے کے لیے اتنے وسائل دسیتاب نہیں ہیں ۔<br>غربت ختم کرنے کے لیے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانا ہوگا اس کے لیے لوگوں کو تعلیم دے کران میں شعور پید اکرنا ہوگا۔<br>حکومتیں اور خیراتی ادارے انتہائی غریب لوگوں کی مدد کے لیے ضروری وسائل جیسا کہ تعلیم، رہنمائی اور ضروریات کی اشیا ءمہیا کرتے ہیں۔<br>میرے خیال میں سیو دی چلڈرن نے بہت سے بچوں کی تعلیم اور دوسری ضروریات میں مدد کرکے بہت اچھی مثال قائم کی ہے۔ |



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

# Question 4.1

## Response A

صاف ماحول ہماری زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے نہ صرف ہماری صحت اچھی رہتی ہے اور ہماری قوت مدافعت بڑھتی ہے بلکہ ہم بہت سی الرجی ، بیماریاں اور مختلف اقسام کے انفکشن وغیرہ سے بھی محفوظ رہتے ہیں۔اس کے علاوہ ہمارے ماحولیاتی نظام ، جنگلی اور آبی حیات کوبھی اعلی طریقے سے محفوظ کیا جاسکتا ہے۔

صاف ماحول ہماری آنے والی نسلوں کے لئے نہ صر ف وسائیل کو محفوظ کرے گا جیسے پانی، درخت، صاف آب و ہوا، نایاب جانور اور چرند پرند وغیرہ بلکہ ہمیں بھی ایک صحت مند، لمبی ، اور خوش حال زندگی گزارنے کا موقع ملے گا۔

انسان نے سائنسی ترقی تو کر لی لیکن ان نئی ایجادات کے مضر اثرات کو بھی نہ صرف بھگتا ہے بلکہ ابھی بھی بھگت رہا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اگر ہماری نسل نے اب بھی اپنی آنکھیں نہ کھولیں اور اس سلسلے کی روک کے لئے اہم اقدامات نہ اٹھائے تو اس کی قیمت آنے والی نسلیں ادا کریں گی اس کی مثال اور وجوہات یہ ہیں ، ایندھن کوئیلہ وغیرہ کا استعمال، مختلف کیڑے مار اور سنڈیوں سے بچاو کے سبزی اور اناج پر چھڑکاو ، پلاسٹک کا اندھا دھند استعمال اور یوریا کھاد وغیرہ کا استعمال ہمارے ماحول کو تباہ و برباد کرنے کی چند خاص وجوہات ہیں۔

پچھلے سال ہمارے اسکول نے صاف ماحول تحریک چلائی اور ہم نے اپنے اپنے محلوں سے کوڑا ہٹایا۔ اس کے علاوہ ہم نے بہت سے نئے پودے اور درخت بھی لگائے۔

ہمیں اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے لئے پلاسٹک کی جگہ شیشے یا سٹیل کی بوتلوں اور برتنوں کا استعمال کرنا چاہئے۔ اس علاوہ ہمیں پلاسٹک کے تھیلوں کی جگہ کاغذی یا کپڑوں کے تھیلوں استعمال کرنا چاہئے ۔ ہم ایک چھوٹا سا گھریلو باغ بنا سکتے ہیں جس کے لئے زیادہ زمین کی ضرورت نہیں ہوتی ہم کچھ پھل اور سبزیاں گملوں میں لگا سکتے ہیں۔

# Commentary

### Content

This is an excellent response which is consistently relevant. Opinions are expressed frequently and are justified. Communication is always clear with no ambiguities. As a lot of the information is conveyed by covering all four bullet points and developing them, this places the work at level 3 (6 – 9 marks) and a top mark of 9 would be awarded.

### Quality of language

In this response, a variety of appropriate vocabulary is used, for example different persons of the verb, different ways of expressing opinions and there are always attempts at complexity of language and structure. There is successful use of infinitive constructions, use of pronouns and use of all three-time frames which is always successful. This places the work at level 3 and is awarded 6 top marks.

This response is awarded **15** marks out of a possible 15 marks.


Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

## Response B

ہماری زندگی میں صاف ماحول کی بہت اہمیت ہے کیونکہ ہماری صحت کا درو مدار صاف ماحول پر ہے۔ اگر ہمارا ماحول صاف نہیں ہوگا تو ہوا صاف نہیں ہوگی اور جب ہم گندی ہوا میں سانس لیں گے تو بہت سی بیماریوں کا شکار ہو جائیں گے جیسا کہ دمہ وغیرہ

پچھلے سال ماحول کو بہتر بنانے کے لئے حکومت اور عوام نے شجر کاری اور صفائی کے کئی پروگرام شروع کئے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ پلاسٹک کے استعمال میں بھی کمی کی گئی تھی۔

ہم ماحول کو صاف رکھنے کے لئے کچرا کوڑے دان میں ڈالتے ہے ، درخت لگاتے ہے، پانی اور ہوا کو آلودگی سے پاک رکھتے ہے۔ ان عادتوں کی وجہ سے ہمارا ماحول صاف ہے۔

# Commentary

### Content

This is a very good response with a lot of relevant information conveyed. The candidate has communicated clearly, and the response is always relevant. The candidate has also expressed opinions with reasons. The work best matches the criteria for the award of marks at level 3 and is awarded the top mark 9.

### Quality of language

Vocabulary is appropriate to the needs of the task and there are always attempts at complex language, and these are always successful. The candidate has used 2 tenses successfully. The piece fits the Level 3 descriptor at the top mark 6 in the band is more appropriate.

This response is awarded **15** marks out 15.

# Question 4.2

## Response A

غربت ایک سنگین سماجی مسئلہ ہے جو ہماری ترقی میں رکاوٹ **بنتا ہے**۔ غربت کی بڑی وجوہات میں بے روزگاری، کم تعلیمی شرح، مہنگائی اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم شامل ہیں۔

آج کے دور میں غربت کے خاتمے کے لیے مختلف تجاویز پیش **کی جا رہی ہیں**، جیسے تعلیم عام کرنا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور ہنر مندی کی تربیت دینا۔ اگر ہم سب اپنی ذمہ داری **سمجھیں گے**، صدقہ و خیرات **کریں گے** اور فلاحی کاموں میں حصہ لیں گے تو مستقبل میں غربت میں واضح کمی آ **جائے گی** اور معاشرہ خوشحال **ہو سکے گا۔**

فلاحی ادارے اس سلسلے میں بہت ہی اہم کردار **ادا کرتے ہیں** کیونکہ وہ نا صرف مستحق افراد تک مدد پہنچاتے ہیں بلکہ ہر ہنگامی حالت میں سب سے پہلے مدد کے لئے پہنچتے ہیں۔

پاکستان میں ایدھی فاؤنڈیشن ایک مثالی فلاحی ادارہ **رہے** جویتیموں، بیواوں،بیماروں اور بے گھر افراد کی بے لوث خدمت**کر رہا ہے اور یہ ایشیاء کی سب سے بڑی فلاحی تنظیم ہے۔**



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

# Commentary

### Content

This is a reasonable response with some relevant information conveyed. The candidate missed the bullet point 2, and in bullet point 4 instead of using the future tense, the candidate used present tense. In the last paragraph the candidate fails to suggest what we should do to keep the environment clean, and tells us what they do to keep the environment clean. The candidate has communicated clearly and the response is generally relevant. They have also given opinions with reasons. The work best matches the criteria for the award of marks at level 2 and is awarded the middle mark 5.

### Quality of language

Vocabulary is appropriate to the needs of the task and there are some attempts at complex language, and these are always successful. The candidate has used 2 tenses, consistently and successfully. There are some minor errors like use of incorrect auxiliary verbs. The piece fits the Level 3 descriptor but the lower mark 5 in the band is more appropriate.
This response is awarded **10** marks out of a possible 15 marks.

# Response B

غربت کی بہت ساری وجوہات ہیں جن کی وجہ سے معاشرہ عدم توازن کا شکار ہے مثال کے طور پر عدم مساوات، بے روزگاری، کمزور اور ناپائدار بنیادی ڈھانچہ،صفائی کا ناقص نظام، صحت کی ناکافی سہولیات، بوسیدہ اقتصادی اور معاشی نظام وغیرہ غربت کی چیدہ  چیدہ وجوہات ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں مسلسل اضافہ جنگی اور غیر اسحقامی سیاسی صورت حال ہے۔ معاشی غیر اسحقامی صورت حال بہت سی جگھوں پر موسمی تبدیلیاں ہیں جن کی وجہ سے قحط ، سیلاب لوگوں کی فصلوں کو تباہ کرنے کے باعث بنتے ہیں اور نتیجے کے طور پر مہنگائی بڑھتی ہے جو کہ غربت کو جنم دیتی ہے۔

ماحول کوصاف رکھنے کی پوری کوشش کی جائےاس کے لئے تعلیمی نظام کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ آنے والی نسل اس کی اہمیت کو سمجھ سکے۔اس کے علاوہ صاف پانی کی مہم چلانی چاہئے نہ کہ صرف بوتلوں کے پانی پر انحصار کیا جائے۔ ہمیں اپنے دریاں اور ندیوں صاف رکھنے کی ضرورت ہے۔

فلاحی ادارے لوگوں تک مشکلات میں امداد پہنچانے کا کام کرتے ہیں جس سے حکومت اور لوگوں کی مدد ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ادارے گھر گھر جا کر معلومات پہنچاتے ہیں۔ جب بھی کوئی آفت آتی ہے جیسے سیلاب، زلزلہ یا جنگی حالات فلاحی ادارے ہر جگہ مدد کو پہنچتے ہیں۔دنیا بھر میں بہت سے ادارے برسوں سے کام کر رہے ہیں جن میں ریڈ کراس، یونیسف، ایدھی فاونڈیشن، چھیپا وغیرہ۔ایدھی سینٹر نے تو پوری دنیا میں امداد کا کام کیا ہے ۔

# Commentary

### Content

This is a response where communication is always clear but not always relevant. Opinions are expressed frequently and are justified. As a lot of the information is conveyed by covering two-three bullet points and developing them, this places the work at level 2 (4 – 6 marks) and a top mark in the level of 6 would be awarded.

### Quality of language

In this response, a variety of appropriate vocabulary is used, for example different persons of the verb, different ways of expressing opinions and there are always attempts at complexity of language and structure. There is successful use of infinitive constructions, use of pronouns and use of two-time frames which is always successful. This places the work at level 3 and is awarded 5 marks.

This response is awarded **11** marks out of a possible 15 marks.



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

## Questions 5

Question 5 tests students' ability to show knowledge and understanding of, and respond critically to, different aspects of the culture and society of countries where Urdu is spoken. For this question, students are expected to express and justify individual thoughts and points of view, to interest, inform or convince.

Answer **either** Question 5.1 **or** Question 5.2.

You must **not** answer **both** of these questions.

درج ذیل کسی ایک موضوع پر ۱۵۰سے ۱۷۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں۔

**Either**

0 5 . 1 زندگی کے کسی میدان میں انٹرنیٹ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔دلائل کی مدد سے بحث کریں۔
آپ کے جواب میں ماضی،حال اور مستقبل تینوں افعال کا استعمال ہونا ضروری ہے۔

**[20 marks]**

**Or**

0 5 . 2 کیا یونیورسٹی کی تعلیم بھی اُتنی ہی اہم ہے جتنی کہ فنی تعلیم؟دلائل کی مدد سے بحث کریں۔
آپ کے جواب میں ماضی،حال اور مستقبل تینوں افعال کا استعمال ہونا ضروری ہے۔

**[20 marks]**

## Mark scheme

**Question 5 AO4**
For this question, students are expected to express and justify individual thoughts and points of view, in order to interest, inform or convince. The response will be assessed for Content (12 marks) and Quality of language (8 marks), as specified in the criteria below. The student is expected to produce approximately 150-170 words over the whole question. The number of words is approximate and you must mark all work produced by the student.

**[20 marks]**

**Content**



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **4** | 10-12 | An excellent response which is fully relevant and detailed, conveying a lot of information. Communication is clear with little or no ambiguity. Excellent justification that successfully uses the issues, themes and the cultural and social contexts of the topic. |
| **3** | 7-9 | A good response which is almost always relevant and which conveys quite a lot of information. Communication is mostly clear but there are a few ambiguities. Effective justification that is generally successful in using the issues, themes and the cultural and social contexts of the topic. |
| **2** | 4-6 | A reasonable response which is generally relevant with some information conveyed. Communication is usually clear but there are some ambiguities. Satisfactory justification with a reasonable attempt at using the issues, themes and the cultural and social contexts of the topic. |
| **1** | 1-3 | A basic response which is of limited relevance with little information conveyed. Communication is sometimes clear but there may be instances where messages break down. Limited justification that lacks coherence. |
| | 0 | The content does not meet the standard required for Level 1. |

**Quality of language**

| Level | Marks | Response |
|---|---|---|
| **4** | 7-8 | A wide variety of appropriate vocabulary is used. Complex structures and sentences are successfully attempted. There are references to three time frames, which are successful. Any errors are minor, and the intended meaning is clear. The style and register are consistently appropriate. |
| **3** | 5-6 | A variety of appropriate vocabulary is used. Complex structures and sentences are attempted. There are references to at least two time frames, which are largely successful. Errors are mainly minor. Some more serious errors may occur, particularly in complex structures and sentences, but the intended meaning is nearly always clear. The style and register are appropriate. |
| **2** | 3-4 | Some variety of appropriate vocabulary is used. There may be some attempt at complex structures and sentences. There are references to at least two different time frames, although these may not always be successful. There may be some major errors, and more frequent minor errors, but overall the response is more accurate than inaccurate and the intended meaning is usually clear. The style and register may not always be appropriate |
| **1** | 1-2 | The range of vocabulary may be narrow, repetitive and/or inappropriate to the needs of the task. Sentences are mainly short and simple or may not be properly constructed. There may be |


Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

| | | |
|---|---|---|
| | | frequent major and minor errors. Little or no awareness of style and register. |
| **0** | 0 | The language produced does not meet the standard required for Level 1. |

**Notes**
A mark of zero for Content automatically results in a mark of zero for Quality of language, but apart from that, the Content mark does not limit the mark for Quality of language.

| Question | Indicative content |
|---|---|
| 05.1 | انٹرنیٹ کا استعمال۔ انٹرنیٹ کی اہمیت۔<br>آج دنیا کی تقریباً آدھی آبادی سے زیادہ انٹرنیٹ استعمال کر رہی ہے، اور اس تعداد میں ہر سیکنڈ اضافہ ہو رہا ہے۔ طالب علم، اساتذہ ،عام افراد، حکومتیں، افواج، کاروباری ادارے، ہوائی کمپنیاں، صنعتیں، تعلیمی ادارے، میڈیا، غرض دنیا کا کوئی ایسا شعبہ نہیں جو انٹرنیٹ پر انحصار نہ کرتا ہو۔اگر انٹرنیٹ چند گھنٹوں کے لیے بند ہو جائے تو زندگی کے ہر شعبے پر اثر پڑے گا۔ملکی معیشت پر بھی اثر ہوگا۔انٹرنیٹ صرف روزگار، تعلیم،سفر کاروبار ہی کے لیے ضروری نہیں ہےبلکہ سمارٹ موبائل آنے کی وجہ سے لوگ اسے بڑے پیمانے پر سماجی رابطے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔<br><br>میں اس نتیجے پر پہنچا /پہنچی ہوں کہ انٹرنیٹ دنیا میں معیشت کے علاوہ سماجی رابطوں کے اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس کے بغیر زندگی کا کوئی شعبہ صرف روزمرہ کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا بلکہ اس کے بغیر ترقی کا گمان بھی نہ کر سکتا۔ |
| 05.2 | یونیورسٹی کی تعلیم کے فوائد۔ فنی تعلیم کے فوائد۔دونوں میں فرق<br>میں اس سے متفق ہوں کہ یونیورسٹی کی تعلیم اور فنی تعلیم دونوں اہم ہیں۔ یونیورسٹی تعلیم کی وجہ سے ملازمت ملنے کے موقع بڑھ جانے کے علاوہ آمدنی بھی زیادہ ہوتی ہے۔ کچھ ایسے پیشے جیسے ڈاکٹر ، دندان ساز۔ استاد۔ وغیرہ۔ یونیورسٹی کی تعلیم حاصل کیے بغیر نہیں اختیار کر سکتے ۔ یونیورسٹی کی تعلیم کی وجہ سے سوچنے سمجھنے اور خود فیصلہ کرنے کی مہارتیں بہتر ہوتی ہیں۔<br>فنّی تعلیم سے آپ ہنر مند بن کر روزگار حاصل کر سکتے ہیں ۔موجودہ دور ٹیکنالوجی کا دور ہے اس وقت کی سب سے بڑی ضرورت فنی مہارت اور صنعتی پیشہ ورانہ تعلیم ہے ۔ کوئی ملک فنی تعلیم کے فروغ کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا ۔ ٹیکنیکل ہنر ہی وہ کنجی ہے جو کسی بھی فرد کے لیے کام اور ترقی کے لاتعداد دروازے کھول دیتی ہے۔<br>۔نوجوان اپنے شوق اور حالات کے مطابق فنی تعلیم یا یونیورسٹی کی تعلیم حاصل کر کے ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں |

# Question 5.1

## Response A

بالکل درست ہے کہ زندگی کے کسی میدان میں انٹر نیٹ کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاستا۔اس کی بہت سی وجوہات ہیں آج کی دنیا پہلے سے بہت زیادہ بدل چکی ہے چاہے عام زندگی میں سہولت ہو یا تعلیمی میدان ہو ہر جگہ اس نے اپنی اہمیت کا لوہا منوایا ہے۔ اگر آج سے بیس تیس برس پہلے کی بات کی جائے تو ہرکام کے لئے خود جانا پڑتا تھا چاہے بازار سے ایک پیکٹ چاکلیٹ کا ہو یا بینک کا کام ہو۔ انسان خود یا تو نکڑ کی دکان سے خرید کر لاتا تھا اور رقم نکلوانی ہو تو صبح نو بجے قطار میں کھڑے ہونا پڑتا تھا۔اس کے علاوہ اگر بجلی گیس کا بل جمع کروانا ہو تو بھی لمبی قطار میں لگنا پڑتا تھا لیکن آج ایک بٹن دبانے سے پیسے بھی بھیجے جا سکتے ہیں اور بل بھی جمع کروائے جاسکتے ہیں۔



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

آج آپ ایک کلک سے گھر بیٹھے خریداری کر سکتے ہیں بغیر موسم کی پرواہ کئے ۔ کرونا نے تو دنیا میں گھر بیٹھے بہت سے لوگوں کو روزگار فراہم کر دیا ۔ اب بچے آن لائین کلاسز اور کورس بھی کرتے ہیں۔ بہت سے کام آن لائن ہوتے ہیں۔ اگر تعلیم کے میدان پر نظر دوڑائیں تو ہم سے پہلے کی نسل ہر کام کاپی پینسل سے کرتی تھی۔ اس کے علاوہ ریسرچ کے لئے پورا پورا دن کتب خانوں کی خاک چھاننا پڑتی تھی لیکن آج ہم ایک کلک سے تمام معلومات اور آن لائیں کتب پڑھ سکتے ہیں۔جہاں انٹر نیٹ کے فائیدے حاصل ہوئے ہیں ان پچھلے چند برسوں میں وہاں اس کے بہت منفی اثرات بھی سامنے ہیں جیسے بچوں کا ضرورت سے زیادہ موبائل استعمال کرنا اور عام لوگوں کا کمپیوٹر پر مسلسل کام کرنا ۔ اس سے لوگوں کی صحت متاثر ہورہی ہے بچے موٹاپے کا شکار ہورہے ہیں اور لوگوں کا ملنا جلنا اور صحت مند کھیل اور ورزش کی کمی سے ذہنی اور جسمانی بیماریاں بڑھ رہی ہیں جس سے لوگ تنہائی اور اکیلے پن کی طرف جارہے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمیں ہر چیز میں اعتدال کی ضرورت ہے کوئی بھی چیز جو اعتدال سے بڑھ جاتی ہے نقصان دیتی ہے اگر اس پر آج ہم نے دیہان نہ دیا تو آنے والے وقت میں لوگ زومبی بن جائں گے یا یوں کہ لیں کہ انسان کم اور روبورٹ زیادہ بن جائیں گے۔ میری والدہ کہا کرتی ہیں کہ ہر بات تمہیں گوگل چچا نہیں بتا سکتے کچھ باتیں آپ اپنے بڑوں اور اچھے ساتھیوں سے سیکھتے ہیں۔

## Commentary

### Content

This is a well-structured piece of writing that is fully relevant conveying a lot of information. In the response communication is always clear without any ambiguity. There is evidence that the candidate has taken a clear stance on the issue by giving examples and narrating facts, expanding on opposing views, and concluding with a strong summary that reinforces the stance. This places the work at level 4 (10 – 12 marks) and a top mark of 12 would be awarded.

### Quality of language

In this response, a variety of appropriate vocabulary is used, for example different persons of the verb, different ways of expressing opinions and there are always attempts at complexity of language and structure. There is successful use of three-time frames which is always successful. This places the work at level 4 and is awarded 8 marks.

This response is awarded **20** marks out of a possible 20 marks.

## Response B

زندگی کے کسی بھی میدان میں انٹرنیٹ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ ماضی میں معلومات حاصل کرنا مشکل **تھا** اور لوگوں کو کتابوں یا ماہرین پر انحصار **کرنا پڑتا تھا مگر اب انٹرنیٹ کے** ذریعےبہت سی معلومات سیکنڈوں میں آپ کے سامنے آ جاتی ہے اور اس طرح آپ بہت کم وقت میں بہت سا کام آسانی سے کر لیتے ہیں۔

آج کے دور میں انٹرنیٹ تعلیم، کاروبار، طب، تحقیق اور ابلاغ میں بنیادی کردار **ادا کر رہا ہے.** اس کے ذریعےطلبہ آن لائن کلاسز **لے رہے ہیں جس سے نا صرف وقت بچتا ہے بلکہ پیسے بھی بچتے ہیں. اس کے علاوہ آپ گھر بیٹھے دنیا بھر سے خریداری بھی کرتے ہیں.**

دلائل یہ ثابت **کرتے ہیں کہ** انٹرنیٹ وقت اور وسائل کی بچت **کرتا ہے** اور لوکوں کو روزگار کے مواقع بھی فراہم **کرتا ہے.** ہم ذمہ داری سے انٹرنیٹ کا استعمال **تعلیم میں کرتے ہیں تو یہ پڑھائی میں بھی اچھا ہے** اور زندگی بھی اچھی ہوتی ہے۔

## Commentary

### Content

This response demonstrates that the candidate has taken a clear stance and supported it with relevant examples. Communication is always clear and a lot of information is conveyed,



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved. 

which is always relevant. Good justifications that successfully use the issues, themes and the cultural and social contexts of the topic. This places the work at level 4 and is awarded 12 top marks.

**Quality of language**

In this response, a variety of appropriate vocabulary is used, for example different ways of expressing opinions and there are always attempts at complexity of language and structure. There is successful use of two-time frames which is always successful. This places the work at level 3 and is awarded 6 marks.

This response is awarded **18** marks out of a possible 20 marks.

# Question 5.2

## Response A

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ یونیورسٹی کی تعلیم بھی اتنی ہی اہمیت کی حامل ہے جتنا کہ فنی تعلیم کیونکہ دونوں کی اپنی اپنی افادیت ہے اور معاشرے یہ دونوں اقسام کی تعلیمات اہم کردار ادا کرتی ہیں۔یونورسٹی کی تعلیم آپ کو مسائیل کا حل تلاش کرنا اور درست تجزیہ کرنا سکھاتی ہے اور آپ کو آنے والے وقت میں پیش آنے والے پیجیدہ مسائیل کو کیسے حل کیا جاتا ہے سکھاتی ہے اور آپ کو مستقبل کے ایک نئے کردار کی ادائیگی کے لئے تیار کرتی ہے اور روزگار کے دروازے کھولتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کے اخلاق کی تعمیر کرتی ہے اچھے برے کی تمیز سکھاتی ہے، آپ کو نظم و ضبط کا پابند کر کے معاشرے کا فعال فرد بناتی ہے۔
اس کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم آپ کو ایک نئے تجربے سے روشناس کرواتی ہے جو یونیورسٹی میں کتابوں سے پڑھایا جاتا ہے فنی تعلیم اس کا تجربہ دیتی ہے۔ اگر دونوں کا موازنہ کیا جائے تو آج کی دنیا تکنیکی ہے اور فنی تعلیم کی بہت ضرورت ہے اور کامیاب وہی ہے جس نے یونیورسٹی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم بھی حاصل کی ہو۔ دس بیس برس پہلے صرف یونیورسٹی کی تعلیم پر ہی توجہ دی جاتی تھی اور سب والدین اپنے بچوں کو ڈاکٹر یا اینجنئیر بنانا چاہتے تھے لیکن آج کی دنیا میں اتنی نئی چیزیں آگئی ہیں اور بہت سے ایسے شعبے ہیں جن کے بارے میں بیس سال پہلے کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا جیسے کہ سافٹ وئیر اینجینئیر اس کے علاوہ اگر اپیرینٹس شپ کا بھی کوئی تصور موجود نہیں تھا۔ آنے والے وقت میں تو مزید تبدیلیاں متوقع ہیں اور ایسے ایسے فن اور مضامین سامنے آئیں گے جو ہم آج سوچ بھی نہیں سکتے۔ میرا خیال یہی ہے کہ دونوں کی اپنی اہمیت ہے اور آنے والے وقت میں دونوں کی اہمیت بڑھ جائے گی۔

# Commentary

This is an excellent piece of writing conveying a lot of information about both aspects of the task. In the response communication is always clear and always relevant. There is evidence that the candidate has taken a strong stance on the issue by giving examples and narrating facts, expanding on opposing views, and concluding with a summary that reinforces the stance. This places the work at level 4 (10 – 12 marks) and a top mark of 12 would be awarded.

**Quality of language**

In this response, a variety of appropriate vocabulary is used, for example different ways of expressing opinions and there are always attempts at complexity of language and structure. There is successful use of three-time frames which is always successful. This places the work at level 4 and is awarded 8 marks.
This response is awarded **20** marks out of a possible 20 marks.


Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.

## Response B

یونیورسٹی تعلیم سے مراد یہ ہے کہ بچوں کی قدرتی صلاحیتوں کو بہتر بنانا ہے۔ ان میں وہ سرگرمیاں بھی شامل ہیں جو نوجوانوں کو سماجی، ثقافتی، اخلاقی اور معاشی زندگی میں کامیاب بنانے کے لیے کی جاتی ہیں۔ تاکہ ا ن کا معاشرے میں مقام ہو۔-

یونیورسٹی کی تعلیم انسان کو نہ صرف دنیاوی بلکہ دینی علوم بھی سکھاتی ہے۔ یہ انسان کی سوچ اور عمل کو بہتر بناتی ہے۔ جو شخص تعلیم حاصل کرتا ہے، اس کی زندگی میں بہتری آتی ہے، اور وہ اپنے خوابوں کو حقیقت بنا سکتا ہے۔یہ سوال کہ کیا یونیورسٹی کی تعلیم اتنی ہی اہم ہے جتنی فنی تعلیم، آج کے دور میں خاصی اہمیت **رکھتا ہے**۔ میں تویونیورسٹی کی تعلیم کو کامیابی کی ضمانت **سمجھتا ہونا**ور فنی تعلیم کے ذریعے لوگوں کو فوری طور پر روزگار **ملتا ہے**جبکہ یونیورسٹی کی تعلیم بعد تجربہ نا ہونے کے باعث فوری طور پر نوکری ملنا نا ممکنات میں سے ہے۔ - اگر ہم تعلیم کے ان دونوں شعبوں کو یکساں اہمیت **دیتے ہیں** تو نوجوان باصلاحیت **بنتے ہیںبے** روزگاری میں کمی **ہوتی ہے** اور ملک ترقی کی راہ **پر گامزن ہو جاتا ہے**۔ اس لیے یہ کہنا درست ہے کہ یونیورسٹی اور فنی تعلیم دونوں د دونوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔

# Commentary

### Content

This is a reasonable response which is generally relevant with a lot of information conveyed. However, most of response covers the importance of university education instead of comparing it with a technical education. Communication is usually clear there are no ambiguities.  There is satisfactory justification with a reasonable attempt at using the issues. Therefore, this piece of writing can be awarded a middle mark in level 3 of 8 marks.

### Quality of language

Although a variety of appropriate vocabulary is used and complex structures and sentences are attempted, only one time frame is used. Therefore, this response cannot be awarded more than 2 marks (level 1) for quality of language.

This response is awarded **10** marks out of a possible 20 marks.



Copyright © 2026 Oxford International AQA Examinations and its licensors. All rights reserved.